بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب / س / ۲ / ۱۰ / ۲۰۱۸ مورخہ ۱۶ / اگست ۲۰۱۹

بخدمت = چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = قرارداد نمبر ۶۳ منجانب ملک نصیر احمد شاہوانی۔

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۸/ اگست ۲۰۱۹ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر ۶۳ منجانب ملک نصیر احمد شاہوانی، رکن اسمبلی بمراد اطلاع وکارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے۔ نیز قواعد و انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی ۱۹۷۴ء کے قاعدہ نمبر (۲) ۱۱۴ کے تحت قرارداد پر عمل درآمد کی بابت اسمبلی کو دو ماہ کے اندر مطلع فرمائیں۔

قرارداد

ہرگاہ کہ بلوچستان میں حالیہ دنوں مختلف اضلاع میں ٹڈی دل کے یلغار/حملہ کے باعث لاکھوں ایکڑ زرعی اراضی پر کھڑی فصلیں تباہ ہوئیں جس کی وجہ سے زمینداروں اور کسانوں کو بھاری مالی نقصان اٹھانا پڑا جس کی وجہ سے صوبہ کے زمینداروں اور کسانوں میں مایوسی اور بے چینی پائی جاتی ہے

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ صوبہ کے زمینداروں اور کسانوں کی مالی معاونت کرنے کو یقینی بنائے تاکہ ان میں پائی جانیوالی مایوسی اور بے چینی کا خاتمہ ممکن ہو سکے

(سید صفدر حسین)

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) بخدمت ملک نصیر احمد شاہوانی رکن اسمبلی/محرک قرارداد۔
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) پرنسل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۷) سیکرٹری زراعت، حکومت، بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفر آباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

〈قادر بخش شاہوانی〉

نائب معتمد، (سوالات)